Nestle
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے پاکستان نے ''ورلڈ فوڈ سیفٹی ڈے'' منایا

لاہور (17 جون، 2019ئ) : صارفین کی صحت کی حفاظت اور کھانے کی حفاظت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لئے، نیسلے پاکستان نے پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (PCSIR) لیبز لاہور میں ''ورلڈ فوڈ سیفٹی ڈے'' منایا۔ یہ تقریب پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ (PCSIR)، منسٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA)، یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد (UAF)، یونیوسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور (UVAS) اور پاکستان سوسائٹی آف فوڈ سائنٹسٹس اینڈ ٹیکنالوجسٹس (PSFST) کے تعاون سے منعقد ہوئی۔

اس تقریب نے پاکستان میں خوراک کے تحفظ کے قواعد کی ضرورت پر روشنی ڈالی، تاکہ صارفین کی صحت اور ان کی خوراک کے معیار کو یقینی بنایا جاسکے۔

کیپٹن (ر) محمد عثمان، ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جو اس موقع پر مہمان خصوصی تھے، اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ''اس سال، ورلڈ فوڈ سیفٹی ڈے کا موضوع ہے "Everyone's Business"، جس کا مطلب یہ ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز اور متعلقہ حکام کو سائنسی اصولوں پر مبنی فوڈ سیفٹی رولز کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

ڈاکٹر فرحت جمیل، نیسلے پاکستان کے ہیڈ برائے ریگولیٹری اینڈ سائنٹفک افیرز نے کہا: ''دنیا کی سب سے بڑی خوراک اور مشروبات کمپنیوں میں سے ایک ہونے کے ناطے، صارفین کے لئے محفوظ مصنوعات فراہم کرنا نیسلے کے عالمی عزم کی اولین ترجیح ہے۔ اس کا مقصد ایسی کوششیں کرنا ہے جو ریگولیٹرز، تعلیمی اداروں، لیباریٹریز، میڈیا، صارفین اور پرائیویٹ سیکٹر سمیت تمام متعلقہ شعبوں میں باہمی تعاون کی اہمیت اجاگر کرے، ایسا صرف اس وقت ممکن ہے جب ہم اپنے کھانے کے حفاظتی اصولوں کو عالمی سطح کے معیار کے مطابق کرلیں گے، تب ہمیں اندرونی و بین الاقوامی مارکیٹوں تک رسائی ملے گی۔''

سحر ثمرین، نیسلے پاکستان کی کوالٹی ایشورنس کی ہیڈ نے کہا: ''کھانے کی حفاظت کے قوانین اور معیار کا مؤثر نفاذ اندورنِ ملک اور بین الاقوامی مارکیٹوں میں قومی مصنوعات کی رسائی کو یقینی بناتا ہے۔

انجینئر عدنان اکرم، قائم مقام ڈی جی، پی سی ایس آئی آر لاہور نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ''ایجنڈے پر کھانے کی حفاظت اور قومی خوراک کے قوانین کو ڈالنا پاکستان کا اقتصادی ترقی کی طرف پہلا قدم ہے۔ یہ کھانے کے معیار اور اسٹینڈرڈ پر نظر رکھتے ہوئے اندرونِ ملک اور بین الاقوامی سطح پر تجارتی سہولت کے ساتھ ساتھ صارفین کی صحت کی حفاظت کرے گا۔''

اس موقع پر PCSIR، پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA)، یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد (UAF)، یونیوسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور (UVAS) اور پاکستان سوسائٹی آف فوڈ سائنٹسٹس اینڈ ٹیکنالوجسٹس کے عہدیداروں اور دیگر ریگولیٹری حکام نے شرکت کی، اس کے علاوہ سرٹیفکیشن کے مختلف اداروں کے نمائندوں سمیت خام مال اور پیکیجنگ میٹریل کے سپلائرز نے بھی شرکت کی، اور تقریب کو رونق بخشی۔

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین اور ان کے پالتو جانوروں کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات کا وسیع پورٹ فولیو زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے، برائے مہربانی رابطہ کریں:

محمد راحت حسین

پبلک افیئرز منیجر ساؤتھ، نیسلے پاکستان

رابطہ نمبر: +92-345-2059682

ای میل: muhammadrahat.hussain @pk.nestle.com